# نوحہ

یاد سجادؑ کو آتی رہی زندان کی شام
عمر بھر خون رُلاتی رہی زندان کی شام

جب تلک آتی رہی کانوں میں سسکی کی صدا
خاک زنداں میں اُڑاتی رہی زندان کی شام

قید خانے میں بس اِک شام قیامت گزری
پھر تو ہر شام ہی آتی رہی زندان کی شام

جیسے ظالم کے طمانچوں نے ستایا تھا اُسے
یوں سکینہؑ کو ستاتی رہی زندان کی شام

غم سکینہؑ نے جو راہوں میں سہے کم تو نہ تھے
غم مگر اور بڑھاتی رہی زندان کی شام

شہؑ جسے لوری سناتے تھے اُسی بچی کو
موت کی لوری سناتی رہی زندان کی شام

قبرِ معصومہؑ پہ خود زینبؑ و سجادؑ کے ساتھ
سوگ ہر شام مناتی رہی زندان کی شام

غم جو عابدؑ نے سہے شام کے بازاروں میں
سارے غم یاد دِلاتی رہی زندان کی شام

شامِ غربت کی قسم شام کے زندان کو بھی
صبحِ محشر نظر آتی رہی زندان کی شام

یا ہے عابدؑ کو خبر یا ہے خبر زینبؑ کو
وہ ستم کیا تھے جو ڈھاتی رہی زندان کی شام

مادرِ اصغرؑ بے شیر کو اے نورؔ علی
خواب میں آ کے ڈراتی رہی زندان کی شام